# انگلینڈ میں پرائمری اسکول کے بارے میں اہم معلومات

## حاضری

قانون کے مطابق، اسکول جانے کی لازمی عمر کے تمام بچوں (عام طور پر 5 سے 16 سال تک) کو مناسب کل وقتی تعلیم حاصل کرنا ضروری ہے۔ والدین کی حیثیت سے آپ کی قانونی ذمہ داری ہے کہ آپ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کو یہ تعلیم حاصل ہو رہی ہے۔جب آپ کے بچے کا کسی اسکول میں اندراج ہو جاتا ہے، تو اس بات کو یقینی بنانا آپ کی قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ باقاعدگی سے اسکول جائے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے بچے کی بلا اجازت غیر حاضری نہیں ہونی چاہیے۔ اگر آپ اس ذمہ داری کو پورا نہیں کرتے، تو آپ پر جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے۔

## انسیٹ کے دن

اسکولوں میں ہر تعلیمی سال کے دوران پانچ اِن سیٹ (INSET) دن ہوتے ہیں۔ اِن سیٹ دنوں میں اسکول بند ہوتے ہیں اور آپ کے بچے کو اسکول نہیں جانا چاہیے۔

اِن سیٹ دن عملے کی تربیت کے مقاصد کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ یہ جاننے کے لیے کہ اِن سیٹ دن کب مقرر کیے گئے ہیں، اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں

## اسکول میں مفت کھانے

**تمام شیر خوار بچوں کے لیے مفت اسکول کھانے**

تمام حکومتی امداد سے چلنے والے اسکول رِسپشن (سال R)، سال 1 اور سال 2 کے ہر طالب علم کو مفت اسکول کھانے فراہم کرتے ہیں

**بڑے بچوں کے لیے مفت اسکول کھانے**

سال 3 سے سال 11 تک کے بچے مفت اسکول کھانوں کے حق دار ہیں اگر آپ مختلف سرکاری فوائد (Benefits) میں سے کسی ایک کے مستحق ہوں۔

آپ اپنے بچوں کے لیے مفت اسکول کھانوں کی اہلیت کی جانچ کر سکتے ہیں اور یہاں آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ خصوصی غذائی ضروریات کے مطابق کھانے کی درخواست بھی کر سکتے ہیں، جس میں حلال کھانا بھی شامل ہے۔

## اسکول کے لیے ٹرانسپورٹ

آپ کا بچہ گھر سے اسکول آنے جانے کے لیے مفت ٹرانسپورٹ کا اہل ہوگا **اگر**

- وہ اپنے قریبی کیچمنٹ اسکول یا گھر کے مزید قریب کسی اسکول میں زیرِ تعلیم ہو **اور**
- فاصلے کی مقدار 8 سال تک کی عمر کے بچوں کے لیے 2 میل سے زیادہ ہو یا 8 سے 16 سال کی عمر کے بچوں کے لیے 3 میل سے زیادہ ہو

اگر آپ کا بچہ ان شرائط پر پورا اترتا ہے تو آپ کو ٹرانسپورٹ کے لیے درخواست دینا ہوگی۔

Hampshire County Council
Ethnic Minority and Traveller Achievement Service

Copyright © HCC 2026

# انگلینڈ میں پرائمری اسکول کے بارے میں اہم معلومات

## ہوم ورک

زیادہ تر بچوں کو گھر کا کام (ہوم ورک) دیا جائے گا۔ اگر آپ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آپ کے بچے سے کیا توقع کی جائے گی، تو ان کے استاد سے پوچھیں۔ آپ کو گھر پر بھی اپنے بچے کے ساتھ روزانہ پڑھنا چاہیے، اور اس کا آغاز ایئر آر (YEAR R) سے ہی کر دینا چاہیے۔ آپ کا بچہ گھر پر پڑھنے کے لیے ایک کتاب اور ایک "ریڈنگ ریکارڈ" (مطالعے کا ریکارڈ) لے کر آئے گا۔ کتاب اپنے بچے کے ساتھ مل کر پڑھیں، تصویروں کے بارے میں بات کریں (اپنی زبان میں یا انگریزی میں) اور الفاظ پڑھنے میں اپنے بچے کی مدد کریں (یاد رہے کہ ابتدائی کتابوں میں اکثر الفاظ نہیں ہوتے)۔ جب آپ اپنے بچے کے ساتھ پڑھ لیں تو "ریڈ نگ ریکارڈ" پُر کریں تاکہ استاد کو معلوم ہو سکے کہ آپ گھر پر یہ سرگرمی کر رہے ہیں۔ آپ کو اپنے بچے کے ساتھ مشق کرنے کے لیے بعض اہم الفاظ بھی گھر بھیجے جا سکتے ہیں۔

## والدین کے ساتھ ملاقاتیں اور اسکول کی رپورٹس

آپ کو والدین کی ملاقاتوں (Parents' Evenings) میں شرکت کی دعوت دی جائے گی اور ان میں شرکت کرنا اہم ہے۔ زیادہ تر اسکول ملاقات کے لیے مختلف (time slots) اوقات فراہم کرتے ہیں اور آپ اپنی سہولت کے مطابق وقت کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کے بچے کی تعلیم کے بارے میں کوئی سوالات ہوں تو آپ اپنے بچے کے استاد سے ملاقات کے دوران وہ سوالات پوچھ سکتے ہیں۔ تعلیمی سال کے اختتام پرآپ کو اپنے بچے کی تعلیمی پیش رفت کے بارے میں ایک رپورٹ بھی موصول ہوگی۔ آپ کا بچہ اپنی تعلیمی پیش رفت سے قطعِ نظر خود بخود اگلی جماعت (Year Group) میں چلا جائے گا، کیونکہ برطانیہ میں بچے تعلیمی سال نہیں دہراتے۔

## تعلیمی مدت (ٹرم ٹائم) کے دوران چھٹیاں

آپ سے توقع کی جاتی ہے کہ آپ خاندانی تعطیلات اسکول کی چھٹیوں کے دوران منائیں تاکہ آپ کے بچوں کی تعلیم میں خلل نہ پڑے۔ تعلیمی قانون کے مطابق والدین کو یہ حق حاصل **نہیں** ہے کہ وہ تعلیمی مدت (ٹرم ٹائم) کے دوران اپنے بچے کو چھٹی منانے کے لیے اسکول سے غیر حاضر رکھیں۔ صرف غیر معمولی حالات میں ہی ہیڈ ٹیچر چھٹی کی اجازت دے سکتا/سکتی ہے۔ یہ فیصلہ کرنا ہیڈ ٹیچرکا اختیار ہے کہ آیا غیر حاضری کی وجہ غیر معمولی ہے یا نہیں، اور کتنے دنوں کی چھٹی منظور کی جائے۔

## لنکس

مثبت طرز عمل کو فروغ دینے کی حکمتِ عملیاں اور اپنے بچے کی پرورش ایک سے زیادہ زبانوں میں (دونوں مختلف زبانوں میں ترجمے کی صورت میں دستیاب ہیں)

معلومات: اسکول حاضری اور تعلیمی مدت (ٹرم ٹائم) کے دوران چھٹیاں

معلومات: اسکول کے لیے ٹرانسپورٹ

اسکول کی چھٹیوں کی تاریخیں

Copyright © HCC 2026